قائداعظم محمد علی جناح

توضیحی کتابیات

جلد دوم — السنہ شرقیہ

سلسلہ کتابیاتی مطالعہ (پاکستان) ۲

توضیحی کتابیات

قائداعظم محمد علی جناح

توضیحی کتابیات

جلد دوم — السنہ شرقیہ

انیس خورشید

معاونین

ہدایت اللہ ہادی ، محمد علی اصغر

کراچی

قائداعظم اکادمی

۱۹۷۹

ناشر قائداعظم اکادمی
۲۹۷/جے - ایم - ۲، ایم - اے - جناح روڈ، کراچی - ۵ (پاکستان)

طبع اول ۱۹۷۹

پاکستان میں طبع ہوا
مطبوعہ ٹیکنیکل پرنٹرز، کراچی - ۱

قیمت -

مرتب

انیس خورشید، پروفیسر و صدر، شعبہ لائبریری سائنس، کراچی یونیورسٹی؛ **پیدائش :** کامٹی (بھارت)، ۱۹۲۴ - **تعلیم :** سرٹیفیکیٹ لائبریرین شپ، ۱۹۵۲؛ ڈپلوما (لائبریری سائنس)، کراچی یونیورسٹی، ۱۹۵۷؛ ایم ایل ایس، رٹگرس یونیورسٹی، ۱۹۵۹؛ پی - ایچ - ڈی - (لائبریری اور انفارمیشن سائنس)، پٹسبرگ یونیورسٹی، ۱۹۶۹-

پیشہ ورانہ تجربہ : کلاسیفائر، کراچی یونیورسٹی، ۱۹۵۴-۱۹۶۰؛ اسسٹنٹ لائبریرین، ۱۹۶۰-۱۹۶۲؛ لیکچرار، لائبریری سائنس، ۱۹۶۲-۱۹۷۰؛ صدر، شعبہ لائبریری سائنس، ۱۹۶۱-۱۹۶۴، ۱۹۷۲-۱۹۷۵، ۱۹۷۹ -؛ لائبریرین، انٹرنیشنل لائبریری انفارمیشن سنٹر، پٹسبرگ، یونیورسٹی، ۱۹۶۷-۱۹۶۹-

تاسیسی صدر، کراچی یونیورسٹی لائبریری سائنس المنائی ایسوسی ایشن، ۱۹۵۷-۱۹۵۸؛ سیکریٹری، پاکستان لائبریری ایسوسی ایشن، ۱۹۶۱-۱۹۶۲، ۱۹۷۰-۱۹۷۳؛ اعزازی تاحیات ممبر، ۱۹۷۹ -؛ ایڈیٹر، پاکستان لائبریری ریویو، ۱۹۵۸-۱۹۶۲؛ اسسٹنٹ ایڈیٹر، کوارٹرلی جرنل آف دی پاکستان لائبریری ایسوسی ایشن، ۱۹۶۰-۱۹۶۱؛ ایڈ وائزر، پاکستان ببلیو گرافیکل ورکنگ گروپ، ۱۹۷۳-۱۹۷۶؛ ایڈیٹر برائے کراچی، پاکستان نیشنل ببلیو گرافی، ۱۹۴۷-۱۹۶۱؛ ممبر، اسٹینڈنگ کمیٹی برائے لائبریریز، سندھ ایجوکیشنل کونسل، ۱۹۷۳ -؛ ممبر، ایڈوائزری کمیٹی برائے پبلک لائبریریز، کراچی میٹرو پولیٹن کارپوریشن، ۱۹۷۳-۱۹۷۸؛ ڈائریکٹر، اسلامک لائبریری انفارمیشن سنٹر، شعبہ لائبریری سائنس، ۱۹۷۳ -؛ ممبر برائے پاکستان، ذیلی کمیٹی برائے لائبریری ایجوکیشن، امریکن لائبریری ایسوسی ایشن، ۱۹۷۰-۱۹۷۱؛ صدر، علاقائی گروپ برائے جنوبی ایشیا، انٹرنیشنل فیڈریشن آف لائبریری ایسوسی ایشنز اینڈ انسٹی ٹیوشنز، ۱۹۷۶-۱۹۷۸؛ ٹیکنیکل چیرمین، یونیسکو سروے : عادات مطالعہ (پاکستان)، ۱۹۷۲-۱۹۷۳؛ آرگنائزر، یونیسکو سروے : عادات مطالعہ برائے اطفال (کراچی)، ۱۹۷۵؛ - چیرمین، یو جی سی کریکلم رویزن کمیٹی برائے لائبریری سائنس، ۱۹۷۹ -؛ ممبر، انٹرنیشنل ایڈیٹوریل بورڈ : انٹرنیشنل لائبریری ریویو، لندن، ۱۹۷۶ -؛ جرنل آف لائبریری ہسٹری، تلہاسی، ۱۹۷۲-۱۹۷۶-

کہانی نویسی سے لکھنے کی ابتدا کی؛ ۱۰ کتابیں اب تک تصنیف و تالیف کی ہیں ان میں سے اہم تصانیف یہ ہیں : Cataloguing of Pakistani Names, 1974; Standards for Library Education in Burma, Ceylon, India and Pakistan, 1969.

۵۶ مضامین اب تک چھپ چکے ہیں - جن جرائد اور کتابوں میں یہ مضامین شائع ہوئے ہیں ان میں سے چند کے نام یہ ہیں : Encyclopedia of Library and Information Science; UNESCO Bulletin for Libraries, Bibliography, Documentation, Terminology, International Library Review; Journal of Library History, Libri, and Herald of Library Sciene, etc.

پیش لفظ

قائداعظم محمد علی جناح کی زندگی اور عہد ، اور مسلم ہند کی تحریک آزادی سے متعلق تحقیقی مآخذ کو یکجا کرنا قائداعظم اکادمی کے اولین مقاصد میں شامل ہے اور متعلقہ مواد کی نشاندہی ان مقاصد کے حصول کی جانب پہلا قدم ہے ۔ چنانچہ اس اعتبار سے زیر نظر ”توضیحی کتابیات“ قائداعظم سے متعلق نگارشات کا احاطہ کرنے کی پہلی منظم کوشش ہے ۔

یہ کہنا تو تکرار محض ہوگا کہ مختلف موضوعات پر کتابیات کا ہونا مناسب لائبریری وسائل کی ترقی کے لئے ایک لازمہ کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ کہ علم و تحقیق کے فروغ و ارتقاء کے لئے وہ ایک سرچشمے کی حیثیت رکھتی ہے ۔ نتیجتاً کتابیات کی کمی کے باعث ہمارے محققین اور لائبریرین اس سہل پسندی کے عادی ہوگئے ہیں کہ متعلقہ موضوع پر تمام مطبوعہ (اور اس سے بھی اہم غیر مطبوعہ) مواد کی نشاندہی اور حصول کے لئے باضابطہ کوششیں کرنے کے بجائے ”جو ملا جیسا ملا“ کی پالیسی پر کار بند ہیں ۔ اس پس منظر میں یہ جان کر حیرت ہوتی ہے کہ اکادکا سرکاری رپورٹیں اور وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی دستاویزات تو ایک طرف ، انتہائی اہم روئیدادیں خاص کر دستور ساز اسمبلی ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے مباحث کے ترتیب وار مکمل سیٹ تک ہماری بڑی بڑی لائبریریوں میں موجود نہیں ہیں ۔

اسی افسوسناک پس منظر میں پروفیسر ڈبلیو۔ ایرک گستاف سن اپنی کتاب ”پاکستان اینڈ بنگلہ دیش : ببلیوگرافک ایسیز ان سوشل سائنسز“ (اسلام آباد ، ۱۹۷۶) میں یہ ریمارک دینے پر مجبور ہوئے ہیں کہ ”پاکستان میں ایک بھی ایسی لائبریری موجود نہیں ہے جہاں ضرورت کا ایک تہائی مواد بھی موجود ہو“۔ اور یہ کہ ”پاکستان کے بارے میں تحقیق کرنے والے علماء اس اعتبار سے پاکستان کی بہ نسبت ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بہتر کام کرسکتے ہیں“ (ص ص vi ، vii) ۔ یہ پاکستان میں لائبریرین شپ کی حالت پر یقیناً ایک افسوسناک تبصرہ ہے کہ ہماری لائبریریوں کے ذخائر نہ صرف ناکافی

ھیں بلکہ اس سے بھی بدتر یہ کہ خود پاکستان میں شائع شدہ رسائل اور روئیدادیں وغیرہ بھی ہماری بعض بڑی لائبریریوں تک میں فراھم نہیں ھیں -

منظم کتابیات کی اھمیت بالخصوص سماجی علوم کے بارے میں محتاج بیان نہیں - جیسا کہ پروفیسر گستاف سن کہتے ھیں ، ''کتابیات کے اعتبار سے جنوبی ایشیا عملاً بنجر اور ویرانہ ھے جہاں پر مطلوبہ مواد بری طرح منتشر ھے اور اس کی نشاندھی بھی مشکل اور اکثر ناقص و نا تمام ھے'' (ص ۳۳۳) -

چنانچہ سائنسی خطوط پر تیار کی جانے والی کسی بھی کتابیات کو اولاً بکھرے ھوئے خصوصاً گریز پا نوعیت کے مواد کی نشاندھی کرنی چاھیئے اور دوسرے مرحلے پر اس مواد کو ماھرین کی مدد سے منظم طریقے پر اور ایک قابل شناخت ذریعہ کے طور پر کتابیاتی ضابطے میں مدون کیا جانا چاھیئے - اس کتاب میں کوشش کی گئی ھے کہ مندرجہ بالا تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے -

یہ کتابیات دو جلدوں میں تقسیم ھے - پہلی جلد زیادہ تر انگریزی اور دوسری مغربی زبانوں کے مواد پر مشتمل ھے ، لیکن اس میں ترکی (جو رومن رسم الخط کی وجہ سے فنی طور پر مغربی زمرے میں آتی ھے) اور چند اور مشرقی زبانوں کا مواد جو فارسی عربی کے بجائے رومن رسم الخط میں لکھی جاتی ھیں (مثلاً بنگالی، گجراتی اور جاپانی وغیرہ) بھی شامل ھے - جلد دوم میں فارسی عربی رسم الخط کی زبانوں یعنی، اردو، براھوئی ، بلوچی ، پشتو ، پنجابی ، سندھی ، عربی اور فارسی میں موجود تمام مواد کو شامل کیا گیا ھے -

اس کتاب میں شامل اندراجات ، زیر تحقیق رسائل اور لائبریریوں کی تعداد کے سرسری جائزے سے ھی اس بات کا اندازہ لگایا جاسکتا ھے کہ کتابیات مرتب کرنے کا کام کس قدر وسیع اور محنت طلب ھے - پہلی جلد میں کوئی ۳۴۰۰ مصنفین کے اندراجات ۲۳۰ موضوعاتی عنوانات کے تحت دیئے گئے ھیں - جبکہ کل اندراجات کی تعداد ۷۰۰۰ سے زائد تک پہنچتی ھے - مغربی زبانوں میں اخبارات اور رسائل کے حوالوں کی تعداد ۱۷۲ تک پہنچتی ھے - پاکستان کی بڑی لائبریریوں کے علاوہ دنیا کی بہت سی اھم لائبریریوں سے بھی اس جلد کے مواد کی فراھمی کے لئے استفادہ کیا گیا ھے - اسی طرح دوسری جلد کوئی ۸۰۰۰ سے زائد مصنفین اور موضوعاتی اندراجات پر مشتمل ھے جبکہ اس تحقیق میں استعمال ھونے والے اخبارات و رسائل کی تعداد ۱۵۱ تک جا پہنچتی ھے -

یہ کتابیات وسیع مواد پر محیط ھے - کتابوں ، پمفلٹوں ، رپورٹوں اور اخبارات و رسائل میں شائع شدہ اداریوں ، مضامین اور فیچروں کے علاوہ اس کتاب میں غیر مطبوعہ اور تاریخی دستاویزات مثلاً ڈاکٹریٹ اور ماسٹرز ڈگری کے مقالات اور قائداعظم پیپرز کو

بھی شامل کیا گیا ہے ۔ مدت کے اعتبار سے کتاب میں ۱۹۰۶ سے ۱۹۷۶ یعنی قائداعظم کی صد سالہ ..الگرہ تک شائع ہونے والا مواد شامل کیا گیا ہے ۔ اس طرح یہ کتاب تحریک آزادی یا قائداعظم پر اب تک شائع ہونے والی تمام کتابیات سے زیادہ جامع اور ضخیم ہے ۔ اس کتابیات کی اشاعت قائداعظم اور تحریک آزادی پر تحقیقی ماخذوں کو یکجا کر کے تحقیق کی آسانی فراہم کرنے کی جانب پہلا قدم ہے ۔ کتابیاتی اہتمام کی جامعیت اور گہرائی کے اعتبار سے یہ کتاب اس میدان میں مواد کو سائنسی خطوط پر منظم کرنے اور اسے معیاری ڈھانچے میں سمونے کی ابتدائی سنجیدہ کوششوں میں ایک اہم قدم کی حیثیت رکھتی ہے ۔ اس کی شرحیں مفصل ، واضح اور اسمیں تفصیل کے ساتھ حوالے دیئے گئے ہیں ۔

اس کتابیاتی خاکے کی تخلیقی منصوبہ بندی اور بوقلموں تفاصیل کی با اسلوب ماہرانہ تکمیل کے لئے انیس خورشید صاحب قابل تحسین ہیں جو پاکستان میں لائبریری سائنس کے ایک محنتی طالب علم اور انتہائی قابل اسکالر ہیں اور اس میدان میں ان کی خدمات وسیع حلقے میں تسلیم کی جاتی ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی قابل تعریف یہ بھی ہے کہ وہ اس کتابیات کے لئے واشنگٹن ڈی ۔ سی ۔ اور کینبرا جیسے دور دراز مقامات پر واقع لائبریریوں کے ذخائر سے متعلقہ مواد کی چھانٹی کے لئے ماہر مولفین کی خدمات حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکے ۔ قائداعظم اور تحریک پاکستان دونوں سے متعلق طلبہ و اسکالرز خورشید صاحب کے ممنون احسان ہیں کہ انہوں نے ان موضوعات پر تحقیقاتی ماخذوں کا جامع رهنما مرتب کیا ہے ۔

توقع ہے کہ یہ مستند و وقیع کتابیات مندرجہ بالا میدانوں میں جو پاکستان کے لئے قوت حیات ہیں ، فضلیت و علمیت کی ترقی میں مدد دے گی ۔ اس سے ہماری لائبریریوں کو ان موضوعات پر کتابی ذخائر کے خلا کو پر کرنے کے علاوہ ان میں اضافہ کرنے کی ترغیب بھی ہوگی ۔ اس کے علاوہ یہ کتاب بحیثیت مجموعی پاکستانی ذخائر میں معتدبہ اضافہ کا وسیلہ بھی بنے گی ۔

موخر یہ کہ اس کتاب کی اشاعت بہت سے محققین پر سے کام کے بوجھ کو ہلکا کرنے میں مددگار ثابت ہوگی جو جامع کتابیات کی عدم موجودگی کے سبب متعلقہ مواد کی تلاش میں اپنا خاصا وقت صرف کرنے پر مجبور ہیں ۔

کراچی
یکم جولائی ۱۹۷۸

شریف المجاهد
ڈائرکٹر
قائداعظم اکادمی

مندرجات

ابتدائیہ

اپنے معنی اور مضمرات کے اعتبار سے کتابیات کے بارے میں ماہرین کا اختلاف کوئی نئی بات نہیں لیکن مطبوعہ مواد کا بے کم وکاست اور مکمل طور پر احاطہ کرنے کے لئے اس کے پابند ہونے کی ضرورت کے بارے میں کبھی بھی دو رائیں نہیں ہوئیں۔ اس حیثیت سے اس کے مقاصد میں علم کے ابلاغ کو اولیت حاصل ہے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے کتابیات علم کو زبان و مکان کی بندشوں سے آزاد کرانے کی جہد مسلسل میں سرگرم رہتی ہے تاکہ اسے کلی حیثیت میں دنیائے علم و ادب سے روشناس کیا جاسکے۔ یوں کتابیات ایک مصنف، ایک مضمون، ایک عہد، ایک علاقے اور ایک ھئیت کی پابند ہوتے ہوئے بھی مضمون کی مکمل عکاسی اپنا فرض سمجھتی ہے۔

ہمارے ملک میں کتابیات اس حیثیت سے ابھی خاص توجہ چاہتی ہے، اول تو اشاریہ، کیٹلاگ اور کتابیات میں ہمارے یہاں کوئی واضح فرق قرار نہیں پایا جاتا، نہ ہم انہیں مکمل طور پر مرتب کرنے کو مناسب اہمیت دیتے ہیں۔ اکثر کتب خانے اپنے موضوعاتی کیٹلاگ شائع کرتے وقت بھی اپنے وسائل کی مکمل نشاندھی کر نہیں پاتے۔ ویسے کوئی کتابیات خود بھی مکمل ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتی لیکن اس کے مکمل کرنے کی کوشش اپنے طور پر ضرور کیجاتی ہے، لیکن ہمارے ملک میں تو اسے مکمل حیثیت سے مرتب کرنے کا جذبہ بھی پوری طرح کارفرما نہیں اور نہ ھی کتابیات کا استعمال ھی کچھ زیادہ عام ہے۔ شاید اس باب میں مشکل پسندی اور دیرپا تجسس کی ضرورت آڑے آتی ہو۔

تاہم یہ بات خوش آئند ہے کہ کتابیات کاری اب ہمارے ملک میں رواج پارہی ہے اگرچہ اس کی کتابیاتی روح اکثر مجروح پائی جاتی ہے۔ صد سالہ تقریبات پیدائش قائداعظم محمد علی جناح کے سلسلے میں بھی کچھ کتابیاتی سرگرمیاں عمل میں آئیں۔ بہ سرعت تمام کیٹلاگ شائع ہوئے، اشاریے بھی قسط وار چھپے لیکن کتاب پیمائی کی یہ ساری کوشش بھی جادۂ ادب عبور نہ کرسکی۔ بہر صورت یہ کوششیں قابل تحسین ھیں کہ ھمیں ان کے ذریعے اپنے وسائل کی حدوں کا کچھ اندازہ تو ہوسکا۔

دراصل کتابیات مسلسل چھان بین اور تلاش کے نتیجے میں ترتیب پاتی ہے۔ اس کام کیلئے ایک مستغرق انداز جستجو کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے لئے وقت بھی درکار

ہوتا ہے اور کام کی لگن اور اس کا تسلسل کے ساتھ پھیلاؤ بھی - تھیوڈر بیسٹرمین (Theodore Besterman) کو اپنی معروف کتابیات A World Bibliography of Bibliographies کیلئے زندگی کا ایک بڑا حصہ وقف کرنا پڑا -

اور پھر ایک ایسی کتابیات جسکا مقصد بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی حیات (۱۸۷۶-۱۹۴۸) اور انکی سیاسی زندگی (۱۹۰۶-۱۹۴۸) کا خود انکی اور ان پر لکھی ہوئی بے شمار مطبوعہ تحریروں کے ذریعے احاطہ کرنا مقصود ہو تو اس کام کیلئے کافی وقت بھی چاہیئے اور اچھے کتب خانوں کے وسائل تک رسائی کی سہولت بھی -

قائداعظم کی شخصیت اپنی ذات میں خود ایک انجمن تھی - انکی گوناگوں خوبیاں ہندوستانی سیاست اور معاشرت دونوں کی مرکز نگاہ بنی رہیں - وہ بہ حیثیت انسان بھی مقبول تھے - قانون داں تھے تو ایسے کہ بڑے بڑوں کے دانت کھٹے کردیتے تھے - ان کی تقریر میں سحر تھا تو انکی تحریر میں رچاؤ - ان کی خوش پوشی بہتوں کو گرویدہ کرتی، پھر ایسے بھی لوگ تھے جو ان کی حاضر جوابی سے مرعوب تھے - بعضوں کی نظر میں وہ سیاسی طور پر پارہ پارہ تھے تو کچھ لوگ انہیں پیغامبر اتحاد قرار دیتے - ایک عظیم خلقت نے تو انہیں قائداعظم کے خطاب سے یاد کیا اور اس جذبۂ وارفتگی کے ساتھ کہ یہ خطاب اب ان کی شخصیت اور سیاست کا ایک اٹوٹ حصہ بن چکا ہے -

قائداعظم کی اس بے مثال شخصیت اور ان کے سیاسی تدبر پر خود اردو زبان میں ۱۹۱۰ سے لیکر آج تک خاصا لکھا جارہا ہے - اس طرح مختلف مقاموں، زمانوں اور زبانوں میں بھی ان کے بارے میں بہت کچھ شائع ہوا ہے لیکن ایک عرصے تک اس پھیلے ہوئے مواد کو کسی تنظیم اور منصوبہ کے ساتھ پوری طرح سمیٹنے کی کوشش کم ہی ہوئی ہے - اس ذیل میں جو بھی کام اب تک ہوا ہے ان میں محمد انور کی انگریزی کتابیات Quaid-i-Azam Jinnah: A Selected Bibliography (Karachi: National Publishing House, 1966) قابل ذکر ہے - اس کتابیات میں بھی مشرقی زبان کے اندراجات برائے نام ہیں [اردو (۴۸)، عربی (۷)، فارسی (۲)، اور پشتو (۱)؛ دیکھئے کتابیات ھذا کا صفحہ ۶)] - اس لئے قومی کمیٹی برائے صد سالہ تقریبات پیدائش قائداعظم محمد علی جناح نے ایک جامع اور مبسوط توضیحی کتابیات کی تیاری کا اہتمام کیا -

موجودہ کتابیات Quaid-i-Azam Mohammad Ali Jinnah: An Annotated Bibliography جلد اول کی صورت میں پہلے ہی شائع ہوچکی ہے - اس جلد میں مغربی زبانوں کی تحریریں شامل ہیں جب کہ موجودہ جلد (جلد دوم) مشرقی زبانوں کی نگارشات کو یکجا کرتی ہے - وہ زبانیں جن کی مطبوعات اس جلد میں شامل ہیں وہ یہ ہیں: اردو، براھوئی، بلوچی، پشتو، پنجابی، سندھی، عربی اور فارسی - ان زبانوں میں یہ

اپنی نوعیت کی پہلی کتابیات ہے جس میں متذکرہ بالا زبانوں کی کتابیں، پمفلٹ، مضامین، اخباری اداریے اور فیچر وغیرہ ایک ساتھ جمع کئے گئے ہیں - اس میں موضوعاتی عنوانات سمیت کم و بیش ۸ ہزار سے زائد اندراجات ان کی اپنی زبانوں کے رسم الخط میں علیحدہ علیحدہ درج کئے گئے ہیں - اندراجات مصنف اور موضوع وار اپنی اپنی زبانوں کے حروف تہجی کی ترتیب سے علیحدہ علیحدہ اکھٹا کئے گئے ہیں - موضوعاتی عنوانات کی فہرست ص، ص - ن - اج پر دی گئی ہے - دوسری زبانوں کے لئے اس فہرست سے استفادہ کیا گیا ہے لیکن ان کے عنوانات اس زبان کے اپنے الفاظ اور رسم الخط میں دیئے گئے ہیں -

قائداعظم کی صد سالہ تقریبات پیدائش کے سلسلے میں قومی کمیٹی نے **اشاریہ قائد اعظم** (اسلام آباد : قومی کمیٹی برائے صد سالہ تقریبات پیدائش قائداعظم محمد علی جناح - ۱۸۷۶ - ۱۹۷۶) شائع کیا ہے جسے پروفیسر احمد سعید نے چار سال کی تلاش کے بعد مرتب کیا ہے - اس اشاریے میں صرف ۲۸ اردو اخبارات و رسائل سے ۲ ہزار سے زائد مضامین، اداریے، تقاریر و بیانات اور خبروں کے اندراجات شامل کئے گئے ہیں - جن اخبارات سے اندراجات لئے گئے ہیں ان میں صرف ' پیسہ اخبار' (لاہور) کا ۱۹۰۶ سے لے کر ۱۹۴۸ تک مکمل طور پر احاطہ کیا گیا ہے - البتہ ' انقلاب ' (لاہور) ۱۹۲۱ سے ۱۹۴۴ تک ؛ ' زمیندار' (لاہور) ۱۹۲۱ سے ۱۹۲۷ تک ؛ ' مستقبل ' (کانپور) ۱۹۳۰ سے ۱۹۳۷ تک ؛ ' عصر جدید ' (کلکتہ) ۱۹۳۶ سے ۱۹۴۳ تک ؛ ' نوائے وقت ' (لاہور) ۱۹۴۸ سے ۱۹۷۲ تک ؛ ' جنگ ' (کراچی) ۱۹۶۳ سے ۱۹۷۴ تک ؛ ' کوھستان ' (لاہور) ۱۹۶۵ سے ۱۹۷۵ تک ؛ ' مشرق ' (لاہور) اور ' امروز' (لاہور) ۱۹۶۶ سے ۱۹۷۳ تک ؛ ' حریت ' (کراچی) ۱۹۶۸ سے ۱۹۷۳ تک ؛ ' ندائے ملت ' (لاہور) ۱۹۶۱ سے ۱۹۷۰ تک اور ' جسارت ' (کراچی) ۱۹۷۱ تک کے اندراجات شامل ہیں -

مذکورہ اشاریہ میں اس طرح ۱۹۰۶ سے ۱۹۷۵ تک سالوں پر پھیلے ہوئے جستہ جستہ اندراجات مل جاتے ہیں - تنہا ' پیسہ اخبار ' کے اندراجات ۱۹۴۸ تک کے سالوں کا احاطہ کرتے ہیں - اس کے بعد کے سالوں کو ' نوائے وقت ' کے ذریعہ ۱۹۷۲ تک پورا کیا گیا ہے - ۱۹۷۵ تک کے اندراجات ۱۹۷۳ تک ' مشرق ' ' امروز' اور ' حریت ' کے ذریعے؛ ۱۹۷۴ تک ' جنگ ' کے ذریعے اور آخر کار ۱۹۷۵ تک رسائی صرف ' کوھستان' کے ذریعے حاصل ہوتی ہے - ۱۹۷۶ کا سال نارسا ہے - تقسیم سے پہلے ' انقلاب ' (۱۹۲۱ تا ۱۹۴۴) اور تقسیم کے بعد ' نوائے وقت' (۱۹۴۸ تا ۱۹۷۲) ہی دو ایسے اخبارات ہیں جنکے اندراجات کو ' پیسہ اخبار ' کے بعد ۲۰ سال سے زائد کا پھیلاؤ حاصل ہے - یہ

وسیع اشاریہ اپنی ناھمواریوں کے باوجود اخباری وسائل کو سمیٹنے کی ایک مفید کوشش ھے -

محمد رضی راھی کا " اشاریہ قائداعظم " [(قومی زبان (قائداعظم نمبر) دسمبر ۱۹۷۶/ص ص ۲۲۱-۲۴۰] بھی ۳۰۰ معاون اور متعلقہ کتابوں کی ایک کتابیات ھے البتہ کتابوں کے ان صفحات کی نشاندھی نہیں کی گئی ھے جن پر قائداعظم سے متعلق بحث یا تذکرہ شامل ھے - اس لئے اکثر قاری کو پوری کتاب کی ورق گردانی کرنی پڑتی ھے، بعض ایسی کتابیں بھی اس اشاریہ میں شامل ھیں جن میں قائداعظم کا ذکر بس واجبی طور پر کیا گیا ھے -

زیر نظر کتابیات میں قائداعظم کے موضوع پر کتابوں کے علاوہ جن اخبارات سے اندراجات شامل کئے گئے ھیں ان میں بیشتر اخباری اندراجات تقسیم ھند کے بعد کی فائلوں پر مشتمل ھیں - البتہ یہ کوشش کی گئی ھے کہ قیام پاکستان سے لیکر اب تک کے کل اخباری اندراجات (۱۹۴۷-۱۹۷۶) اس کتابیات میں شامل ھوجائیں - اردو کے جو روزنامے شامل کئے گئے ھیں ان میں چند اھم یہ ھیں :-

' امروز ' (کراچی/لاھور) ؛ ' انجام ' (کراچی) ؛ ' جسارت ' (کراچی) ؛ ' جنگ ' (کراچی)؛ ' حریت ' (کراچی)؛ ' مساوات ' (کراچی/لاھور) ؛ ' مشرق ' (کراچی/ لاھور) ؛ ' نوائے وقت ' (لاھور) -

اس کتابیات میں شامل اخبار و جرائد کی تعداد ایک سو اکاون ھے جن میں برصغیر کے تمام ھی اھم اخبارات و جرائد شامل ھیں (فہرست کیلئے ص ص' غ - م' ملاحظہ کیجئے) - ان میں چھپے ھوئے مضامین جنکا براہ راست تعلق قائداعظم کی خود اپنی تحدیروں' ان کی حیات اور سیاسی جدوجہد سے ھے مکمل کتابیاتی حوالہ اور ضروری توضیحات کے ساتھ اس کتابیات میں شامل کئے گئے ھیں -

ھندوستان کے تمام اردو اخبارات اور جرائد تک تنگیٔ وقت کی بناء پر رسائی ممکن نہ ھوسکی پھر بھی ایسے اھم اخبارات و جرائد کے اندراجات کو جنھیں اس کتابیات کے مضمون کے باب میں تاریخی یا دستاویزی حیثیت حاصل ھے شامل کرنے کی کوشش کی گئی ھے - ایسے اخبارات و جرائد میں ' عصر جدید ' (کلکتہ) (۱۹۱۵-۱۹۴۶) ؛ ' خطیب ' (دھلی) (۱۹۱۷-۱۹۱۸) ؛ ' الجمعیت ' (دھلی) (۱۹۳۱) ؛ ' منشور ' (دھلی) ۱۹۴۰ - ۱۹۴۲؛ ' مدینہ ' (بجنور) (۱۹۴۰) ؛ ' حریت ' (دھلی) (۱۹۴۵ - ۱۹۴۷) اور ' نئی زندگی ' (الہ آباد) (۱۹۶۴) شامل ھیں -

کتابوں کے بارے میں البتہ یہ کوشش کی گئی ھے کہ مسلم لیگ کی ساری متعلقہ کتابیں' پمفلٹ اور دیگر اساسی مطبوعات جن کے ذریعے قائداعظم کے بارے میں ھر مکتب خیال کی عکاسی ممکن ھوسکے شامل کرنے کی کوشش کی گئی ھے - ان میں کانگریس '

کمیونسٹ پارٹی ' خاکسار' احرار اور جمعیة علماء ھند اور علمائے کرام کے دیگر مکاتب فکر کے موقف کو واضح کرنے والی مطبوعات سے بھی استفادہ کیا گیا ھے ۔ اس طرح ایسے فتاویٰ بھی شامل کئے گئے ھیں جو قائداعظم کی ذات ' قیادت اور شرکت مسلم لیگ کے بارے میں وقتاً فوقتاً دیئے گئے تھے ۔ یوں جمعیتہ' علماء ھند کے سارے پمفلٹ اور اس نوعیت کے دوسرے مختصر رسالے بھی اس کتابیات میں شامل ھیں' ان تک رسائی پروفیسر ایوب قادری کی اعانت سے ممکن ھوسکی ۔ ان میں سے کچھ مخطوطات کی صورت میں بھی ھیں جن کے ذرائع کی مناسب نشاندھی کردی گئی ھے ۔ اس کے علاوہ کچھ اور کتابی مواد پنجاب کے ذاتی کتب خانوں سے پروفیسر موصوف ھی کی کوششوں سے حاصل ھوسکا ۔ ان کی فوٹو کاپی/مائکرو فلم کراچی کے ان کتب خانوں میں رکھوادی ھیں : قائداعظم اکادمی لائبریری ؛ اسٹیٹ بنک لائبریری اور فریڈم مومنٹ آرکائیوز ' کراچی یونیورسٹی ۔

اس کتابیات کیلئے اندراجات کو ضروری تصدیق کے بعد شامل کیا گیا ھے ۔ اوّل تو انہیں کتابوں' اخبارات اور جرائد سے تمام صحت کے ساتھ براہ راست درج کرنے کی کوشش کی گئی ھے ۔ جہاں یہ ممکن نہ تھا وھاں ایسے اندراجات کو مستند حوالہ جاتی کتابوں یا اشاریوں سے جانچ پڑتال کے بعد شامل کیا گیا ھے ۔ ھر مضمون کے اھم اور خصوصی پہلوؤں کی ان صفحات کی نشاندھی کے ساتھ جن میں انکا ذکر ھے مناسب توضیح بھی کی گئی ھے ۔ یہ توضیحات نوٹ کے طور پر مصنف اندراج کے نیچے دی گئی ھیں ۔ یہ توضیحی نوٹ موضوعاتی اندراجات کے ساتھ شامل نہیں ھیں ۔

کتابیاتی اندراجات کی ترتیب جلد اول کی طرح جلد دوم میں بھی بین الاقوامی اصولوں کے مطابق کی گئی ھے ۔ کتابیاتی اکائی میں تفصیلات کی ترتیب یوں دی گئی ھے : مصنف کا نام' عنوان' بار اشاعت' مقام اشاعت' ناشر' تاریخ اشاعت' صفحات (' ص ' اگر عدد کے پہلے ھو تو اس صفحہ/صفحات سے مراد ھوگی جو اس کے بعد درج ھے/ھیں ۔ ' ص ' اگر عدد کے بعد ھو تو حوالے کے اس نمبر تک کے سارے صفحات سے مراد ھوگی) ۔ کتاب کا سلسلہ جاتی نوٹ اگر موجود ھے تو اسے قوسین (Brackets) میں درج کیا گیا ھے ۔

اخبارات اور جرائد کے اندراجات میں تفصیل یوں دی گئی ھے : مصنف' عنوان' (" " نشان کے ساتھ) ' جلد نمبر (اخبار کے نام کے پہلے جلد نمبر نہیں دیا جاتا) رسالے/اخبار کا نام (' ' نشان کے اندر) ' تاریخ (رسالہ جس کا جلد نمبر دیا جاتا ھے اس کی تاریخ قوسین میں دی گئی ھے) ' صفحات ۔ توضیحی نوٹ کے بارے میں پہلے ھی وضاحت کی جاچکی ھے ۔ دوسری زبانوں کے اندراجات بھی اسی ترتیب کے پابند ھیں البتہ مصنف اندراجات کے نیچے نوٹ کی جگہ قوسین میں کتاب/مضمون کے عنوان کا اردو ترجمہ بھی دیا گیا ھے ۔ موضوعاتی عنوانات اور ناموں کو ان کے متعلقہ دوسرے عناصر سے ربط پیدا کرنے کے

لئے ' دیکھئے ' اور ' مزید دیکھئے ' کے حوالے استعمال کیے گئے ہیں - ' دیکھئے ' کا لفظ جہاں استعمال کیا گیا ہے وہاں مطلوبہ مواد اس نام یا موضوع کے تحت شامل ملے گا جس کا حوالہ ' دیکھئے ' کے بعد دیا ہوا ہے - اس کے برعکس ' مزید دیکھئے ' ایسے موضوعات کی نشاندہی کرتا ہے جن کے تحت مطلوبہ عنوان کے بارے میں مزید معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں - پاکستانی ناموں کے اندراج کے سلسلے میں مرتب کے پاکستانی ناموں کی کیٹلاگ سازی کے اصولوں پر عمل کیا گیا ہے ان اصولوں کو International Conference on Cataloguing Principles, Paris, 1961 کی منظوری حاصل ہے -

اس کتابیات پر کام کوئی تین سال قبل ایک عبوری انتظامی منصوبہ بندی سے شروع ہوگیا تھا - شریک کار اس وقت کچھ دوسرے رفقاء بھی تھے جو کام کے پھیلاؤ کے ساتھ اسکی وسعت اور اسکی تکمیل میں سخت محنت کا اندازہ لگتے ہی علیحدہ ہوتے رہے - ان کی جگہ نئے ساتھیوں کو لینا پڑا - بیرون ملک کے کتب خانوں سے بھی مدد حاصل کرنی پڑی - یوں بہت سے ساتھی مختلف جگہوں پر مختلف وقتوں میں اس کتابیات کیلئے مواد اکھٹا کرتے رہے - ان کی مدد کیلئے ایک رہنما اصول تیار کیا گیا تھا - پھر بھی تفصیل میں یکسانیت بسا اوقات قائم نہ رہ سکی - جہاں ہیں سے اس ناہمواری کو دور کرنے کی کوشش کی گئی ہے - پھر بھی امکان ہے کہ غلطیاں باقی رہ گئی ہوں کیونکہ کتابیات کی ترتیب و تدوین کے وقت اکثر مولفین اور وسائل سے دوری، اور کام کی وسعت، وقت کی کمی اور ایسے ہی دوسرے حوصلہ شکن عوامل کا سامنا رہا ہے - اس لئے جو کوتاہیاں اس جلد میں موجود رہ گئی ہوں اس کی ذمہ داری میں خود قبول کرتا ہوں - میرے ساتھیوں نے تو پورے انہماک اور پیشہ ورانہ خلوص کے ساتھ اس بڑے کام کو تکمیل تک پہنچایا ہے اس لئے جو خوبیاں اس کتابیات میں نظر آئیں وہ انہی کا حصہ ہیں -

اس کتابیات کی تدوین و ترتیب میں کچھ مرحلے ایسے بھی آئے جب یوں لگتا تھا کہ یہ کام ختم نہیں ہو پائے گا لیکن میرے ساتھیوں کی ہمت اور لگن سے یہ دشوار مرحلہ بھی بحسن وخوبی طے ہوگیا (انکے نام کے لئے ابتدائیہ کے آخر میں دیکھئے) - ان مرحلوں میں میرے معاون مرتبین اور خود مجھ پر کیا گذری اس کا کچھ اندازہ ان بہت سی چھوٹی چھوٹی خوشیوں کی مسلسل پامالی کے نتیجے میں پیدا ہونے والی شکایات سے لگایا جاسکتا ہے جس کا تعلق میرے اور معاون مرتبین کے اعزاء سے براہ راست ہے - لیکن ہدایت‌اللہ ہادی، محمد علی اصغر اور ہمارے مکرم اور محترم دوست فضل اللہ فاروقی نے اس دشوار منزل میں بھی اپنی محبت اور سخت محنت سے میرا ہمیشہ ساتھ دیا - میں اپنے معاون مرتبین کا بے حد ممنون ہوں اور دوسرے معاونین کا بھی جن میں خصوصیت کے ساتھ شفیق اجمل، رفیق اجمل، صلاح الدین، شکیل احمد، ڈاکٹر نواز علی بلوچ، نیاز حسین، محمد مرتضیٰ علی بدر، ایم - غیاث الدین خان

اور الحاج سید محمد سعید سلیم شامل ہیں - میں ڈاکٹر خواجہ غلام علی الانا (ڈائریکٹر، انسٹی ٹیوٹ آف سندھیالوجی، سندھ یونیورسٹی)، امانت اللہ خان (لائبریرین، پشاور یونیورسٹی) ڈاکٹر روشن آرا بیگم (استاد شعبۂ فارسی، کراچی یونیورسٹی)، ڈاکٹر محمد زمان خان اور ایس - ابو ظفر کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی ہی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ سندھی، پشتو اور فارسی میں پھیلے ہوئے مواد کا احاطہ بھی ممکن ہوسکا - یہاں میں کتب خانوں کے تعاون کے لئے ان کے سربراہوں کا ایک بار پھر شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں (کتب خانوں کے ناموں کے لئے جلد اول ملاحظہ کیجئے، (pp xiii-xiv) - ان کے تعاون کے بغیر اتنا پھیلا ہوا کام یوں سمٹ نہ سکتا۔ اسی طرح ریڈیو پاکستان اور پاکستان ٹیلی ویژن، کراچی سنٹر کے اشتراک اور تعاون کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ ان اداروں کی مدد سے قائداعظم کے بارے میں ان کی خصوصی نشریات کو شامل کرنا ممکن ہوسکا - اس سلسلے میں، میں خصوصیت کے ساتھ جناب شمس الدین بٹ اور سید مدبر رضوی کا ممنون ہوں کہ ان کی دلچسپی اور کوشش سے ان نشریات کی تفصیلات ہمیں بروقت مل سکیں -

میں قومی کمیٹی برائے صد سالہ تقریبات پیدائش قائداعظم کا بھی تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ اس نے یہ موقعہ ہمیں مرحمت فرمایا کہ ہم بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کو ان کی صد سالہ تقریبات پیدائش کے موقعہ پر اس کتابیات کی صورت میں اپنا یہ ادنیٰ نذرانۂ عقیدت پیش کرسکیں - میں پروفیسر شریف المجاھد کا بھی بے حد ممنون ہوں کہ موصوف نے اپنے مفید مشوروں اور ضروری رہنمائی سے مدد فرمائی، اپنے کتابی وسائل کو ہمارے سپرد کیا، سال قائداعظم کے بعد شائع ہونے والے اہم مواد کو شامل کرنے کی سہولت مہیا کی اور اس طرح یہ ممکن ہوا کہ ۱۹۷۶ کے بعد کی اہم تحریروں کو بھی اس کتابیات کے طباعت کے مرحلوں میں اس کے غیر مطبوعہ حصوں میں مصنف/عنوان/موضوع کے تحت شامل کیا جاسکا - پروفیسر شریف المجاھد نے اس کتابیات کی اشاعت کا اہتمام قائداعظم اکادمی سے کیا ہے اس کے لیے بھی ہم آپ کے اور اکادمی اور اس کے ہمہ وقت مدد بہم پہنچانے والے اسٹاف کے بے حد ممنون ہیں - اپنے محترم دوست ذکریا ساجد کا بھی کہ ان کی ذاتی دلچسپی اور توجہ سے کتابیاتی ترتیب اور طباعت کی پیچیدہ دشواریوں پر قابو پایا جاسکا - اپنے دوست علی عثمانی (ٹیکنیکل پرنٹرز) کا شکریہ بھی ادا کرنا چاھتا ہوں کہ ان کی ذاتی توجہ سے طباعت کا دشوار کام بھی بالآخر بحسن و خوبی انجام پا گیا اور ان کے کمپوزیٹر عبداللہ اسماعیل بروھی کا بھی کہ ان کی زبان دانی نے جلد دوم کی لسانی دشواریوں کا بوجھ بہت حد تک ہلکا کردیا -

کراچی — انیس خورشید

۲۵ دسمبر ۱۹۷۸

مولفین

فضل اللہ فاروقی

ممتاز اے۔ انور، پی۔ ایچ۔ ڈی۔

احمد نواز ملک

احمد حسن انصاری

عبدالبشیر

خواجہ غلام علی الانا، پی۔ ایچ۔ ڈی۔

اقبال احمد پنھور

امانت اللہ خان

نظیر احمد سومرو

نور محمد خان

معاونین

اظہر جمیل

سید انیس الرحمٰن

سیدہ انیس ہاشمی

عرشیہ ابراہیم

ایم۔ اے۔ ظہیر

ایم۔ ایم۔ عارف

محمد مرتضیٰ علی بدر

سید حسن جمالی

جہان آرا

عبدالحلیم چشتی

محمد اسحاق خان

محمد فاضل خان

رضیہ بیگم

ریحانہ خاتون

زاہد زبیر

ذکیہ شیخ

سلیم اجمل

عبیداللہ سیفی

شفق پروین

شکیل احمد

طاہرہ ہادی

عائشہ جبین

عصمت ستارا

عظمت سلطانہ

عظیم قادری

اعجاز غوری

ماجدہ پروین

محمد مصباح الدین

نعیم مرزا

ناہید خان

نعیمہ خواجہ

حافظ عبدالرحمٰن نقشبندی، پی۔ ایچ۔ ڈی۔

فہرست اخبارات و رسائل

جن کے مضامین/اداریے وغیرہ اس کتابیات میں شامل کئے گئے ہیں

	نام	دورانیہ	مقام اشاعت
۱-	آتش فشاں (اردو)	پندرہ روزہ	کراچی
۲-	آج کل (اردو)	ماہانہ	کراچی
۳-	آزاد کشمیر (اردو)	ہفت روزہ	مظفر آباد
۴-	آغاز (اردو)	روزانہ	کراچی
۵-	آفاق (اردو)	روزانہ	لاہور
۶-	آہنگ (اردو)	پندرہ روزہ	کراچی
۷-	اباسین (پشتو)	ماہانہ	کراچی
۸-	احسان (اردو)	روزانہ	لاہور
۹-	اخبار جہاں (اردو)	ہفت روزہ	کراچی
۱۰-	اخبار خواتین (اردو)	ہفت روزہ	کراچی
۱۱-	اداکار (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۱۲-	ادیون (سندھی)	ماہوار	کراچی
۱۳-	اردو ڈائجسٹ (اردو)	ماہانہ	لاہور
۱۴-	اسلامی جمہوریہ (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۱۵-	اصلاح (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۱۶-	اصلاح (اردو)	ہفت روزہ	سری نگر

نام	دورانیہ	مقام اشاعت
۱۷- اطلاعات سنڈ (سندھی)	ہفت روزہ	کراچی (موجودہ نام 'نئین زندگی' ماہوار ۱۹۷۱-)
۱۸- افکار (اردو)	ماہانہ	کراچی
۱۹- اقدام (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۲۰- اقراء (اردو)	سہ ماہی	لاہور
۲۱- الاخبار (اردو)	ہفت روزہ	راولپنڈی
۲۲- الجمعیت (اردو)	روزانہ	دہلی (بھارت)
۲۳- الزبیر (اردو)	سہ ماہی	بھاولپور
۲۴- السیف (اردو)	ماہانہ	کراچی
۲۵- الشجاع (اردو)	ماہانہ	کراچی
۲۶- الطاہر (اردو)	ہفت روزہ	کراچی
۲۷- العلم (اردو)	سہ ماہی	کراچی
۲۸- الفتح (اردو)	ہفت روزہ	کراچی
۲۹- الفرقان (اردو)	ماہانہ	ربوہ
۳۰- الفضل (اردو)	روزانہ	ربوہ
۳۱- اولس بلوچی (بلوچی)	ماہوار	کوئٹہ
۳۲- اولس پشتو (پشتو)	ماہوار	کوئٹہ
۳۳- امروز (اردو)	روزانہ	کراچی
۳۴- انجام (اردو)	روزانہ	کراچی
۳۵- انسان (سندھی)	ہفت روزہ	حیدرآباد
۳۶- انشاء (اردو)	ماہانہ	کراچی (موجودہ نام عالمی ڈائجسٹ)
۳۷- انصاف (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۳۸- انقلاب (اردو)	روزانہ	لاہور

نام		دورانیہ	مقام اشاعت
۳۹-	ایشیا (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۴۰-	بتول (اردو)	ماہانہ	لاہور
۴۱-	برقاب (اردو)	ماہانہ	لاہور
۴۲-	برگ گل (اردو)	سالانہ	کراچی
۴۳-	باد بان (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۴۴-	بصیرت (اردو)	ماہانہ	کراچی
۴۵-	بہبود (اردو)	ماہانہ	کراچی
۴۶-	پاک جمہوریت (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۴۷-	پاکستان مصور (فارسی)	ماہانہ	اسلام آباد
۴۸-	پنج دریا (اردو)	ماہانہ	لاہور
۴۹-	پنجابی زبان (پنجابی)	ماہانہ	لاہور
۵۰-	پیسہ اخبار (اردو)	روزانہ	لاہور
۵۱-	تعلیم و تربیت (اردو)	ماہانہ	لاہور
۵۲-	تعمیر ملت (اردو)	ہفت روزہ	منڈی بہاؤالدین (گجرات)
۵۳-	تہذیب (اردو)	—	—
۵۴-	ثقافت (اردو)	سہ ماہی	راولپنڈی
۵۵-	جام نو (اردو)	ماہانہ	کراچی
۵۶-	جسارت (اردو)	روزانہ	کراچی
۵۷-	جمہور اسلام (پشتو)	ماہانہ	پشاور
۵۸-	جنگ (اردو)	روزانہ	کراچی
۵۹-	جہاں نما (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۶۰-	چٹان (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۶۱-	چراغ راہ (اردو)	ماہانہ	کراچی

نام	دورانیه	مقام اشاعت
۶۲- حریت (اردو)	روزانه	کراچی
۶۳- حکایت (اردو)	ماهانه	لاهور
۶۴- خاتون پاکستان (اردو)	ماهانه	کراچی
۶۵- خادم وطن (سندهی)	روزانه	حیدرآباد
۶۶- خطیب (اردو)	هفت روزه	دهلی (بهارت)
۶۷- خلافت (اردو)	روزانه	بمبئی (بهارت)
۶۸- ذوالقرنین (اردو)	روزانه	بدایون (بهارت)
۶۹- راوی (اردو)	سه ماهی	لاهور
۷۰- راه نما (اردو)	پندره روزه	لاهور
۷۱- روشنی (اردو)	سالانه	فیصل آباد
۷۲- رهبر دکن (اردو)	—	—
۷۳- رهبر سنده (اردو)	—	—
۷۴- زمانه (اردو)	روزانه	کوئته
۷۵- زمیندار (اردو)	روزانه	لاهور
۷۶- زندگی (اردو)	هفت روزه	لاهور
۷۷- زیب النساء (اردو)	ماهانه	لاهور
۷۸- ساغر (اردو)	پندره روزه	کراچی
۷۹- ساقی (اردو)	ماهانه	کراچی
۸۰- سروس (اردو)	ماهانه	لاهور
۸۱- سروش (فارسی)	ماهانه	اسلام آباد
۸۲- سندو (سندهی)	ماهوار	جیکب آباد
۸۳- سنڌي ادب (سندهی)	ششماهی	جام شورو
۸۴- سوداگر (اردو)	ماهانه	کراچی

نام	دورانیہ	مقام اشاعت
۸۵- سیارہ (اردو)	ماہانہ	کراچی
۸۶- سیارہ ڈائجسٹ (اردو)	ماہانہ	لاہور
۸۷- شہاب (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۸۸- صحیفہ (اردو)	سہ ماہی	لاہور
۸۹- صدف (اردو)	سہ ماہی	کراچی
۹۰- صریر (اردو)	سالانہ	کراچی
۹۱- طلوع اسلام (اردو)	ماہانہ	لاہور
۹۲- عبرت (اردو)	ماہانہ	نجیب آباد (بھارت)
۹۳- عبرت (سندھی)	روزانہ	حیدرآباد
۹۴- عصر جدید (اردو)	روزانہ	کلکتہ (بھارت)
۹۵- علم و آگہی (اردو)	سالانہ	کراچی
۹۶- علم و عمل (اردو)	سالانہ	کراچی
۹۷- علی گڑھ میگزین (اردو)	دو ماہی	علی گڑھ (بھارت)
۹۸- عوام (اردو)	ہفت روزہ	کراچی
۹۹- غریب (اردو)	روزانہ	فیصل آباد
۱۰۰- فکر و عمل (اردو)	ماہانہ	حیدرآباد
۱۰۱- فیض الاسلام (اردو)	ماہانہ	راولپنڈی
۱۰۲- فیضان (اردو)	ماہانہ	کراچی
۱۰۳- قائداعظم (اردو)	ماہانہ	راولپنڈی
۱۰۴- قومی تعلیم (اردو)	سالانہ	کراچی
۱۰۵- قومی زبان (اردو)	ماہانہ	کراچی
۱۰۶- کاروان (اردو)	ششماہی	گوجرانوالہ
۱۰۷- کاروان (اردو)	سالانہ	کراچی

نام	دورانیہ	مقام اشاعت
۱۰۸- کتاب (اردو)	ماہانہ	لاہور
۱۰۹- کراچی میونسپل ریویو (اردو)	سہ ماہی	کراچی
۱۱۰- کشمیر (اردو)	پندرہ روزہ	راولپنڈی
۱۱۱- گلدستہ (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۱۱۲- لاہور (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۱۱۳- لیل و نہار (اردو)	ہفت روزہ	لاہور
۱۱۴- ماہ نو (اردو)	ماہانہ	کراچی/اسلام آباد
۱۱۵- مدینہ (اردو)	روزانہ	بجنور (بھارت)
۱۱۶- مجلہ خصوصی (اردو)	سالانہ	کراچی
۱۱۷- مخزن (اردو)	ماہانہ	لاہور
۱۱۸- مساوات (اردو)	روزانہ	کراچی
۱۱۹- مسلم بنگال (اردو)	روزانہ	کراچی
۱۲۰- مشرق (اردو)	روزانہ	کراچی
۱۲۱- معارف (اردو)	ماہانہ	اعظم گڑھ (بھارت)
۱۲۲- معیار (اردو)	ہفت روزہ	کراچی
۱۲۳- مفاھمت (اردو)	—	لاہور
۱۲۴- ملت (اردو)	روزانہ	لاہور
۱۲۵- منشور (اردو)	ہفت روزہ	دھلی (بھارت)
۱۲۶- مولوی (اردو)	ماہانہ	دھلی (بھارت)
۱۲۷- مہراڻ (سندھی)	روزانہ	حیدرآباد
۱۲۸- مہر نیمروز (اردو)	سالانہ	کراچی
۱۲۹- مہک (اردو)	سالانہ	گوجرانوالہ
۱۳۰- میگزین (اردو)	ماہانہ	لاہور

نام	دورانیہ	مقام اشاعت
۱۳۱- نظام المشائخ (اردو)	ماہانہ	کراچی
۱۳۲- نقاد (اردو)	ماہانہ	کراچی
۱۳۳- نگار پاکستان (اردو)	سہ ماہی	کراچی
۱۳۴- نوائے ملت	روزانہ	لاہور
۱۳۵- ندائے راجپوت (اردو)	—	—
۱۳۶- نوائے وقت (اردو)	روزانہ	لاہور
۱۳۷- نواءِ سنڌ (سندھی)	روزانہ	حیدرآباد
۱۳۸- نئی روشنی (اردو)	روزانہ	کراچی
۱۳۹- نئی زندگی (اردو)	—	الہ آباد (بھارت)
۱۴۰- نئین زندگی (سندھی)	ماھوار	کراچی
۱۴۱- نیا راہی (اردو)	ماہانہ	کراچی
۱۴۲- وفاق (اردو)	روزانہ	لاہور
۱۴۳- ہلال (اردو)	ہفت روزہ	راولپنڈی
۱۴۴- ہلال (فارسی)	ماہانہ	کراچی
۱۴۵- ہلال پاکستان (سندھی)	روزانہ	حیدرآباد
۱۴۶- ہمایوں (اردو)	ماہانہ	لاہور
۱۴۷- ہم سخن (اردو)	سالانہ	کراچی
۱۴۸- ہمدرد (اردو)	روزانہ	دھلی (بھارت)
۱۴۹- ہمدرد نونہال (اردو)	ماہانہ	کراچی
۱۵۰- ہنر و مردم (فارسی)	ماہانہ	تہران (ایران)
۱۵۱- ہونہار (اردو)	ماہانہ	لاہور

موضوعاتی عنوانات

جو اس کتابیات میں استعمال کئے گئے ہیں

دوسری زبانوں میں بھی اسی طرح کے موضوعاتی عنوانات استعمال کئے گئے ہیں - مثال کے طور پر موضوعاتی عنوان ' جناح ادب میں ' مختلف زبانوں میں یوں استعمال ہوا ہے :

بلوچی میں ' جناح ادبا ؛ پشتو میں ' جناح پہ ادب ؛
پنجابی میں ' جناح ادب وچ ؛ سندھی میں ' جناح ادب ۾ ؛
عربی میں ' جناح فی الادب ؛ فارسی میں ' جناح در ادبیات ؛-

نوٹ : ہر عنوان کے آگے جو نمبر دیئے گئے ہیں وہ کتابیات کے ان صفحات کی نشاندھی کرتے ہیں جن پر اس عنوان کے تحت اندراجات درج ملیں گے -

اردو

آ

آباد شاہ پوری

" قائد اعظم کا تصور پاکستان " ۔ 'اردو ڈائجسٹ' ۱۰ (اگست، ۷۰ء) ۔

قائد اعظم کا تصور یہ تھا کہ پاکستان جمہوری طرز حکومت کا حامل ہوگا اس کی پارلیمنٹ اور اس کی وزارت دونوں عوام کے سامنے جوابدہ ہوگی جس میں کسی ذات اور فرقے کی تمیز فہیں کی جائے گی ۔ قائد اعظم کے اقوال شامل ھیں ۔

آتش فشاں [قائد اعظم نمبر] ۔ ۴ (دسمبر ۱۰ ۔ ۲۴، ۷۶ء) ۔ ۳۳۰ ص ۔ تصاویر ۔

مندرجات: ظفر، مولانا ظفر علی خان ۔ قائد اعظم سے خطاب (منظوم، دھلی، ۱۱ نومبر ۴۰ء) عکس ۔ دستخط شدہ مولانا ظفر علی خان، ص ۳؛ راجہ صاحب محمود آباد (امیر احمد خاں) کا قائد اعظم کی ۶۵ ویں سالگرہ (۲۵ دسمبر ۴۰ء) کے موقع پر خراج عقیدت ۔ عکس دستخط شدہ راجہ صاحب محمود آباد (انگریزی)، ص ۴؛ ۱۱ ستمبر ۔ ۲۵ دسمبر (۱۸۷۶) تک قائد اعظم سے متعلق اھم واقعات ماہ و سال کے آئینے میں) ص ۵۔۸؛ اداریہ ۔ جو دل پہ گزری (قائد اعظم سے متعلق) ص، ۹۔۱۰؛ بات ان کی زبانی میری (قائد اعظم سے متعلق مضمون لکھنے والوں کے نام) ص ۱۱ ۔ ۲۱؛ گابا، کے ۔ ایل ۔ (جناح) عالی مرتبہ وکیل ۔ کے ۔ ایل ۔ گابا سے انٹرویو، ص ۱۳ ۔ ۱۴؛ شمس الحسن بریلوی، سید ۔ آندھیوں سے نکلنا سکھایا ھمیں ۔ سید شمس الحسن سے انٹرویو، ص ۱۵۔ ۱۸؛ سنٹرل انڈین لیجسلیٹو اسمبلی میں یورپ گروپ کے لیڈر ایف ۔ ای ۔ جیمز کی تحریر کا عکس جو انہوں نے ۷ نومبر ۱۹۴۰ کے روز قائد اعظم کی ۶۵ ویں سالگرہ کے لئے لکھی (ایف ۔ ای ۔ جیمز کی دستخط شدہ) ص ۱۸؛ مالک، اے ۔ ایم ۔ قرآنی مسلمان ۔ مشرقی پاکستان کے سابق گورنر ڈاکٹر اے ۔ ایم ۔ مالک سے انٹرویو، ص ۱۹ ۔ ۲۰؛ خان، خان بخت جمال ۔ ملت اسلامیہ کی وحدت کا داعی ۔ سابق صدر صوبہ سرحد مسلم لیگ کی یادوں کے حوالہ سے بیان کیا گیا، ص ۲۱ ۔ ۲۳؛ ملک، حسین ۔ بات میں سادہ، آزاد، معانی میں دقیق ۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے سابق جوائنٹ سکریٹری حسین ملک سے انٹرویو، ص ۲۴ ۔ ۳۱؛ رعنا لیاقت علی خان، بیگم ۔ میں اسٹریٹ لائٹ میں پڑھا ہوں (روایت) ۔ ص ۳۲ ۔ ۳۵؛ چٹھہ، چوھدری محمد حسین ۔ ایمانی جلال (ایک انٹرویو) ۔ ص ۳۷ ۔ ۴۱؛ عبدالستار، حاجی، حاجی اسحاق سیٹھ ۔ پارلیمانی صلاحیتیں (انٹرویو) ص ۴۳۔۴۹؛ اکرم، اے ۔ بی ۔ ایک عملی مسلمان ۔ وہ نماز عید کی امامت پر تیار تھے ۔ ص ۵۱ ۔ ۵۳؛ خورشید خانم جیراج بھائی ۔ طبیعت شگفتہ، مزاج شائستہ، انداز برجستہ (انٹرویو) مع خورشید خانم کی ۲۵ دسمبر ۴۰ء کی ایک تحریر کا عکس؛ ص ۵۵ ۔ ۵۶؛ غلام صابر ۔ میں نے قائد سے کہا صاحب بوٹ پالش کرائیں گے (انٹرویو)، ص ۵۷ ۔ ۵۹؛ لاکھانی، عبدالقادر ۔ جرات اظہار،

آتش فشاں (مسلسل)

ص ۵۹ ؛ ملک ، عاصم۔ ہندو طلبہ نے ہلڑ مچایا ۔ قائد تقریر کرتے رہے (ملاقات) ۔ ص ۶۱ - ۶۴ ؛ خان ، عبدالوحید (راوی) پوری آزادی نہیں مکمل آزادی ، ص ۶۵ - ۶۶ ؛ کریم نواز ، سردار ۔ چھز شناسی ۔ ص ۶۷ - ۷۳ ؛ خان ، چوہدری محمد ظفر اللہ ۔ اقلیتوں کا تحفظ ، ص ۷۴ ؛ اشرف احمد ، خواجہ ۔ وہ جھنڈا لہرانے لگے میں نے بڑھ کر ان کا منہ چوم لیا ، ص ۷۵ - ۷۸ ؛ رانا ، بختیار۔ ۱۵ پنجاب بٹالین کی تقریب میں - ص ۷۹ - ۸۰ ؛ یوسف ، مولوی ۔ ماہر جرنیل - ص ۸۱ - ۸۲ ؛ شہاب الدین ، خواجہ ۔ کبھی اختیارات سے تجاوز نہیں کیا (انٹرویو) ، ص ۸۳ - ۸۵ ؛ بیگ ، محمد حسین ، نماز مغرب کے باعث انہیں دیر ہو گئی (انٹرویو) ، ص ۸۷ - ۹۲ ؛ جان ، سجاد احمد ۔ بے عیب لباس ، بے عیب کردار ، ص ۹۳ ؛ مختار زمن ۔ ان کی نظریں میرے جسم میں اتر گئیں (مشاہدات) ، ص ۹۵ - ۹۶ ؛ خان ، سرفراز۔ بسوا برج میں مسلمانوں کے قتل پر (مشاہدات) ، ص ۹۷ - ۹۸ ؛ حنیف منیار ۔ قائد اعظم پر قاتلانہ حملے کا منصوبہ کیسے بنا ، کیسے ٹلا (مشاہدات) ، ص ۹۹ - ۱۰۱ ؛ ہاشمی ، سید عطاء اللہ شاہ ۔ قائد کا انٹرویو ہفتہ وار 'اداکار' میں ، ص ۱۰۳ - ۱۰۵ ؛ ہارون ، سعید ۔ اے ۔ میں قوم کو مروانے کے لئے لیڈری نہیں کر رہا ، ص ۱۰۷ - ۱۱۰ ؛ شیخ ، حسن ۔ اے ۔ قائد نے اسمبلی ٹکٹ غریب بیڑی فروش کو دیا ، ص ۱۱۱ - ۱۱۳ ؛ 'عیسیٰ' قاضی محمد ۔ اگر قائد اعظم اپنی یاد داشت کھو دیں تو ... کاش میرا قائد ڈکٹیٹر ہوتا (مرحوم کا آخری انٹرویو) ، ص ۱۱۵ - ۱۲۴ ؛ خان ، بیگم نواب صدیق علی ۔ قائد بھی بولتے رہے مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ (انٹرویو) ، ص ۱۲۵ - ۱۲۷ ؛ پیر زادہ ، سید شریف الدین ۔ وہ حضرت عمر فاروق کی ایڈمنسٹریشن سے متاثر تھے (روایت) ، ص ۱۲۹ - ۱۳۳ ؛ افضل ، محمد ۔ درس خودی ۔ وہ وائسرائے کو لارڈ کے بجائے مسٹر لکھتے ، ص ۱۳۵ - ۱۳۶ ؛ نیکر ، سوامی پریا رائی ، وی ۔ رام ۔ اچھوت رہنما کا قائد اعظم کی ۶۵ ویں سالگرہ (۲۵ دسمبر ۴۰ء) پر خراج عقیدت (عکس دستخط شدہ) ، ص ۱۳۶ - لاکھانی ، عبدالقادر۔ نرم دم گفتگو ، گرم دم جستجو ، ص ۱۳۷ - ۱۳۹ ؛ قائد اعظم کی نظر کا ریکارڈ حفیظ الدین (عینک ساز کمپنی لارنس اینڈ میو ، دھلی کے ٹیکنیشین) قائد اعظم اور فاطمہ جناح کے آئی اسپیشلسٹ ایک پارسی ڈاکٹر بناجی تھے - قائد اعظم کی آئی سائٹ کے نو سالوں (۱۹۳۶ - ۱۹۴۵) کی رپورٹ کا ایک عکس ، جو عینک ساز کمپنی نے لاہور برانچ میں منتقل کر دیا ۔ قائد اعظم حفیظ الدین سے ہی اپنی عینک بنواتے تھے ، ص ۱۴۰ ؛ ولی بھائی ۔ ر بزرو ڈبہ ، ص ۱۴۱ - ۱۴۲ ؛ غضنفر علی ، راجہ ۔ گفتار میں ، کردار میں ، اللہ کی برہان ، ص ۱۴۳ - ۱۴۷ ؛ سومار ، اے ۔ کے ۔ تیری فطرت کو خدا نے کس قدر جوہر دیئے ۔ ص ۱۴۸ - ۱۵۲ ؛ نواب بہادر یار جنگ کا ایک خط قائد اعظم کے نام (عکس) ، ص ۱۵۲ ؛ سید ، مطلوب الحسن ۔ قہاری و غفاری و قدوسی و جبروت ، یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان ، ص ۱۵۳ - ۱۵۸ ؛ ممدوٹ ، نواب ذوالفقار علی ۔ میں کھمبوں کے حساب سے کار چلاتا ۔ طلبہ نے ساری رات قائد اعظم کی پہرہ داری کی ، ص ۱۵۹ - ۱۶۱ ؛ نواب شاہ نواز ممدوٹ کا قائد اعظم کی ۶۵ ویں سالگرہ (۲۵ دسمبر ۴۰ء) پر خراج عقیدت (انگریزی) عکس ، ص ۱۶۱ ؛ مرید حسین ،

آتش فشاں (مسلسل)

سید ۔ عظیم مدبر زیرک سیاست دان ، ص ۱۶۳ - ۱۶۵ ؛ خان ، نوابزادہ محمود علی ۔ قائد کی تھپکی ، قائد کا سگار ، ص ۱۶۷ - ۱۷۰ ؛ صدیقی ، عبدالستار ۔ ہندو محلے کے در و دیوار لرز اٹھے ۔ قائد اعظم کی ڈرائیوری ناگپور کے ایک سیٹھ نے کی ، ص ۱۷۱ - ۱۷۸ ؛ حسن رضا ، سید ۔ اس کا انداز نظر اپنے زمانے سے جدا ۔ پرچم راجہ صاحب محمود آباد نے لہرایا ۔ ۲۵ دسمبر کو بمبئی بقعہ نور بنا ہوتا ، ص ۱۷۹ - ۱۸۶ ؛ اشرف ، شیخ محمد ۔ قائد اعظم کی پہلی سوانح عمری ۔ وہ کشمیری بازار تشریف لانے کو تیار تھے ، ص ۱۸۷ - ۱۹۰ ؛ رضوان احمد ۔ ایک خدا ، ایک رسول ، ایک کتاب ۔ معیار قیادت ، ص ۱۹۱-۱۹۳ ؛ بقا ، خلیفہ امام دین ۔ وہ پیکر اخلاص وہ ایمان مجسم ، ص ۱۹۵ - ۱۹۷ ؛ یحییٰ بختیار ۔ الحدیث ، ص ۱۹۹ - ۲۰۱ ؛ یعقوب علی ، محمد ، تجھے آنے والے ہزاروں سلام ، ص ۲۰۲ - ۲۰۴ ؛ خان آف کمالیہ ، نواب غلام علی ۔ انہوں نے گھٹنے کو ہاتھ نہیں لگانے دیا ۔ ص ۲۰۵ - ۲۰۶ ؛ خان، نواب شمشاد علی ۔ جمشید ! وہ کنارا پاکستان کا بارڈر ہوگا ، ص ۲۰۷ - ۲۱۲ ؛ خان ، عبدالستار ۔ کانسٹیبل نے پیٹی پر ہاتھ رکھ لیا تھا ، ص ۲۱۳ - ۲۱۵ ؛ مرید حسین ، سید ۔ قائد اعظم سیالکوٹ میں (انٹرویو) ، ص ۲۱۶ - ۲۱۹ ؛ اشرف ، محمد ۔ (۱۹۳۹ کی ماڈل ھنسا اسپورٹس بلیو کار) PBL ۳۹۶۲ ، ص ۲۱۹ ؛ ناصر محمود ، سید ۔ جلسہ ہو کے رہا ، ص ۲۲۰ - ۲۲۱ ؛ احسان الہی ۔ ایمان پرور نظارہ ، ص ۲۲۲ ؛ خان ، عظمت اللہ ۔ ہم دم بخود رہ گئے ، ص ۲۲۳ - ۲۲۵ ؛ دورۂ سیالکوٹ کے متعلق قائد اعظم کی ڈائری کے ایک ورق کا عکس ، ص ۲۲۳ ؛ نواز ، چوھدری محمد ۔ ہندو کی بودی ، ص ۲۲۶ ؛ ضیاء الحق ، میاں ۔ قائد اعظم کا گوجرانوالہ میں ورود (ڈائری کا ورق) ، ص ۲۲۷ - ۲۳۰ ؛ خورشید ، کے ۔ ایچ ۔ ۷۹ دن کشمیر میں (قائد اعظم اور کشمیر کے موضوع پر انٹرویو) ص ۲۳۱ - ۲۵۱ ؛ ساغر ، اے ۔ آر ۔ مومن کی فراست سے ڈرو (انٹرویو) ص ۲۵۳ - ۲۵۵ ۔ مکھل شاہ ، آغا ۔ قائد اعظم کے پبلک کنٹرول کے دو واقعات ص ۲۵۵ ؛ 'خالد گیلانی ، سید مصطفےٰ شاہ خالد ۔ ہو حلقہ یاراں تو بریشم کی طرح نرم ، ص ۲۵۶ - ۲۵۸ ؛ حیات ، بخش میاں ۔قائد اعظم نے میز پر مکہ مارتے ہوئے کہا پاکستان میں شراب پر پابندی ہوگی ، ص ۲۵۹ - ۲۶۱ ؛ خورشید ، کے ۔ ایچ ۔ شہنشاہ ۔ ص ۲۶۳ - ۲۶۴ ؛ ہوتی ، خان محمد علی خان ۔ محمد علی : تدبیر کند بندہ ۔ پٹھان عورتوں نے قائد پر پھول برسائے ، ص ۲۶۵ - ۲۶۶ ؛ غلام مرشد ، مولانا ۔ ان کی قرآن فہمی ، ص ۲۶۷ - ۲۷۰ ؛ محمود علی ۔ کوئی اندازہ کر سکتا ھے اس کے زور بازو کا (انٹرویو) ص ۲۷۱ - ۲۷۳ ؛ عبدالمنان ۔ آئین پسند ، ص ۲۷۵ ؛ نور احمد ، بیگم ۔ نور احمد ، تیرے گھر رب اتر آیا (واقعات) عورتیں اس دھلیز سے ہاتھ رگڑ رگڑ کر چومتی رہیں جہاں قائد کھڑے تھے ، (قائد اعظم کے دورہ گوہاٹی ، آسام کے چند واقعات) ص ۲۷۷ ؛ اصفہانی ، مرزا ابوالحسن ۔ مسلمانی صنعتی اداروں میں قائد کی دلچسپی (مشاھدات) ، ص ۲۷۹ - ۲۸۰ ؛ زھری ، میر نبی بخش ۔ بلوچستان کے متعلق ، ص ۲۸۱ ؛ ہاشمی ، ابن ۔ ایچ ۔ ریسیور گرتے گرتے بچا ، ص ۲۸۳ - ۲۸۴ ؛ کوتوال ، این ۔ ایم ۔ نہیں ایک سو سال ، ص ۲۸۵ - ۲۸۷ ؛

آتش فشان (مسلسل)

ابراہیم ، حسن علی - ۳ ملاقاتیں ، ص ۲۸۸ ؛ ربانی ، عطا - عظمت کردار (انٹرویو) ص ۲۸۹ - ۲۹۲ ؛ ہاشم رضا ، سید - ۷ اگست ۴۷ء ، ص ۲۹۳ - ۲۹۶ ؛ راٹھور ، محمد انور - اٹھارہ صندوق ، ص ۲۹۷ - ۳۰۰ ؛ صدیقی ، متین - مونٹ پلیزنٹ (روڈ) ، ص ۳۰۱ - ۳۰۲ ؛ احمد ، ایم - بی - روح عظیم (ملاقات) ص ۳۰۳ - ۳۰۴ ؛ رزاقی ، شاہد حسین - ملت کا نگہبان (روایت) حسن النبی نے کہا : جناح صاحب بہت بڑے لیڈر ہیں ، ص ۳۰۵ ؛ خان ، سرفراز - رزم ہو یا بزم ہو ، پاک دل و پاک باز ، ص ۳۰۷ - ۳۱۰ ؛ عبدالرشید - رات کا پچھلا پہر ، قرآن کا مطالعہ ، ص ۳۱۱ ؛ کیف بنارسی ، یاور حسین - آٹو گراف ، ص ۳۱۳ - ۳۱۴ ؛ حسین ، این - اے - قائد اعظم کے آخری ایام - اہم انکشافات ، ص ۳۱۵ - ۳۲۲ ؛ کوثر نیازی ، مولانا - اے قائد اعظم (نظم) ص ۳۲۳ ؛ شاد ، ایس - ایم - ترسیگا اس کی قیادت کو زمانہ ، ص ۳۲۵ - ۳۲۹ ؛ شجر طہرانی - قائد اعظم - ناخدا ، جانشیں - کچھ اور ہو جاتا - (دعائیہ نظم) ص ۳۳۰ -

آرتھر جاوید

''پاکستان اور اقلیتیں'' - 'حریت' [استقلال ایڈیشن] اگست ۱۵ ، ۶۴ء - ص ۷ -

پاکستان میں اقلیتوں کی جانیں ہندوستان کے مقابلہ میں کہیں زیادہ محفوظ ہیں - امن اور قانون برقرار رکھو قائد اعظم کی تلقین -

آرزو ، خالد اطہر

''بانئی پاکستان'' - 'ہمدرد نونہال' ۱۹ (اگست ، ۷۱ء) ص ۹۲-۹۵ [نونہال ادیب] -

بچوں کے لئے آسان زبان میں قائد اعظم کی زندگی کے حالات کو بیان کرتے ہوئے اپ کی ان کوششوں کا جستہ جستہ ذکر کیا گیا ہے کہ پاکستان کس طرح معرض وجود میں آیا -

''قائد اعظم محمد علی جناح'' - 'ہمدرد نونہال' ۲۱ (ستمبر ، ۷۳ء) ص ۹۳ -

بابائے قوم نے جن دشوار گذار مراحل میں پاکستان کے قیام کے لئے کوششیں کیں ان کا تذکرہ -

آرزو لکھنوی

''نقش لوح'' [منظوم بمعہ تاریخ وفات] - 'ماہ نو' [قائد اعظم نمبر] ۱ (نومبر ، ۴۸ء) - ص ۱۳ -

آزاد ، ابوالکلام

گفتگوئے مصالحت (مسٹر جناح کے مطالبات قرآنی روشنی میں) - دھلی [ت - ن] - ۱۸ ص -

ھماری آزادی ؛ اردر ترجمہ از محمد مجیب - دھلی [پ - ن] ۱۹۵۸ - ۳۹۵ ص -

یہ کتاب اورینٹ لانگ مینس بمبئی (۱۹۶۱ ، ۳۰۶ ص) نے بھی شائع کی -

قائد اعظم محمد علی جناح کا تذکرہ : ص ۲۸ ، ۳۹ ، ۱۹۲ ، ۲۲۵ ، ۲۵۹ ، ۲۸۹ ، ۳۰۳ ، ۳۱۶ ، ۳۱۹ ، ۳۲۱ ، ۳۲۸ ، ۳۳۳ ، ۳۳۹ ، ۳۵۰ ، ۳۸۱ ، ۳۹۲ -

اس سلسلے میں سید رئیس احمد جعفری کا ترجمہ ، تلخیص ، تبویب اور استدراک کی ہوئی کتاب آزادی ہند (مطبوعہ مقبول اکیڈمی ، لاہور (۱۹۵۹) بھی دیکھئے -

آزاد ، ایم - ایچ -

''میر کارواں'' - 'آفاق' ستمبر ۱۲ ، ۵۲ء - ص ۳ -

قائد اعظم کے ڈرائیور آزاد نے اپنے تاثرات اور قائد اعظم کی نجی زندگی کے

آزاد ، ایم ـ ایچ ـ (مسلسل)

بارے میں جو معلومات فراہم کی ھیں ان کا تذکرہ ـ

آزاد، محمد اسماعیل

''قائد اعظم اور مولانا مودودی'' ـ 'مساوات' ستمبر ۱۳ ، ۴۷ء ـ ص ۵ ـ

مولانا مودودی اور جماعت اسلامی کی قائد اعظم سے مخالفت کی نشاندھی کی گئی ہے ـ

آزاد کشمیر

''آسمان اس کی لحد پر شبنم افشانی کرے'' (اداریہ) ـ ۵ (ستمبر ۱۱ ، ۵۷ء) ـ ص ۳ ـ

قائد اعظم کے یوم وفات پر اداریہ لکھا گیا ـ اس میں آپ کی خدمات اور کارناموں کا ذکر کیا گیا ہے ـ

''ارشادات قائد اعظم'' ـ ۷ (ستمبر ۱۱ ، ۵۹ء) ـ ص ۲ ـ

''اهل کشمیر کے نام پیغام : ملک فیروز خان نون' وزیر اعظم پاکستان ، وزیر امور کشمیر'' ـ ۵ (دسمبر ۲۵ ، ۵۷ء) ـ ص ۲ ـ

اهل کشمیر کے نام پیغام میں وزیر اعظم پاکستان اور وزیر امور کشمیر نے قائد اعظم کے دورہ کشمیر اور کشمیر کے بارے میں قائد اعظم کے خیالات اور جو انہوں نے کشمیر کے لئے کوششیں کیں ان کا ذکر کیا ہے ـ

''ایک ولولہ تازہ دیا تو نے دلوں کو'' [اداریہ] ـ ۵ (دسمبر ۲۵ ، ۵۷ء) ـ ص ۳ ـ

قائد اعظم کی دلولہ انگیز قیادت کا ذکر ـ

''روزسعید'' [اداریہ] ـ ۴ (دسمبر ۲۵ ، ۵۶ء) ـ ص ۳ ـ

قائد اعظم کے یوم ولادت کے بارے میں ـ

''صدر ابراهیم کا قائد اعظم کو خراج عقیدت'' [اداریہ] ـ ۷(جنوری ۲ ، ۵۹ء) ـ ص ۱۲ ـ

قائد اعظم کے یوم ولادت پر صدر آزاد کشمیر سردار محمد ابراهیم کا اظہار عقیدت ـ

''عیدالاضحیٰ پر قائد اعظم کا پیغام'' ـ ۵ (جولائی ۸ ، ۵۷ء) ص ۲ ؛ ۷ (جون ۸ ، ۵۹ء) ص ۲ ـ

۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ ، عیدالاضحیٰ پر قائد اعظم کا پیغام' اس پیغام میں آپ نے کہا تھا کہ ہم اسی قربانی کے جذبہ کو قائم رکھتے ہوئے دنیا کو دکھا دیں گے کہ یہ مملکت محض زندہ رہنے کے لئے نہیں بلکہ اچھی زندگی گذارنے کے لئے وجود میں آئی ہے ـ

''قائد اعظم خواتین کی نظر میں'' ـ ۴ (دسمبر ۲۵ ، ۵۶ء) ـ ص ۱۵ ـ

قائد اعظم کے متعلق چند مسلم اور غیر مسلم خواتین کے تاثرات ـ

''قائد اعظم دوسروں کی نظر میں'' ـ ۵ (دسمبر ۲۵ ، ۵۷ء) ـ ص ۱۲ ـ

قائد اعظم کے متعلق غیر مسلموں کے تاثرات ـ

''قائد اعظم ـ مہد سے لحد تک'' ـ ۷ (ستمبر ۱۱ ، ۵۹ء) ـ ص ۴ ـ

قائد اعظم کی ولادت سے وفات تک کے واقعات کا سن وار ذکر کیا گیا ہے ـ

''قائد اعظم کا یوم ولادت سرکاری طور پر منایا جائے'' ـ ۷ (دسمبر ۱۸ ، ۵۹ء) ـ ص ۱۴ ـ

قائد اعظم کا یوم ولادت سرکاری طور پر منانے کا اعلان ایوب خاں نے راولپنڈی کے ایک جلسہ عام میں کیا ، جس کا متن درج ہے ـ

''قائد اعظم کے ارشادات'' ـ ۴ (ستمبر ۱۱ ، ۵۸ء) ـ ص ۲ ـ

آزاد کشمیر (مسلسل)

''قائد اعظم محمد علی جناح'' - ۷ (ستمبر ۱۱ ، ۱۹۵۹ء) - ص ۳ -

برصغیر پاک و ھند کی آزادی کے لئے جد و جہد اور قائد اعظم کی کوششوں کا ذکر -

''قائد اعظم نے فرمایا'' - ۵ (دسمبر ۲۵ ، ۱۹۵۷ء) - ص ۴ -

قائد اعظم کی تقاریر سے اقتباسات جو انہوں نے پاکستان کے متعلق مختلف شہروں میں کیں -

''قرار داد پاکستان - ۲۳ مارچ کی اهمیت'' - ۷ (مارچ ۲۳ ، ۱۹۵۹ء) - ص ۱۶ -

۲۳ مارچ ۱۹۴۰ کو لاهور میں قائد اعظم کی زیر صدارت مسلم لیگ کے جلسه میں قرار داد پاکستان منظور ھوئی اس کا ذکر کیا گیا ھے -

''منگلا ڈیم پروجیکٹ میں یوم قائد اعظم'' - ۷ (جنوری ۲ ، ۱۹۵۹ء) - ص ۱۱ -

منگلا ڈیم پروجیکٹ میں قائد اعظم کا یوم ولادت منانے کی تقریب کا ذکر ھے -

''میر کارواں'' [اداریه] - ٦ (ستمبر ۱۱ ، ۱۹۵۸ء) - ص ۳ -

قائد اعظم کی قیادت اور صلاحیتوں کا تذکرہ کیا گیا ھے -

''ناقابل فراموش'' - ٦ (ستمبر ۱۱ ، ۱۹۵۸ء) - ص ۴ - ۵ -

قائد اعظم کی زندگی کے متعلق ان کے پرائیویٹ سکریٹری کے تاثرات -

''یوم آزادی'' - ۷ (اگست ۱۴ ، ۱۹۵۹ء) - ص ۳ -

پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر قائد اعظم اور لیاقت علی خاں کو خراج عقیدت پیش کیا ھے -

''یوم پاکستان'' - ۷ (مارچ ۲۳ ، ۱۹۵۹ء) - ص ۳ -

قائد اعظم کی زیر صدارت مسلم لیگ کے اجلاس لاهور میں جو قرار داد پاکستان منظور ھوئی تھی اس کا تذکرہ کیا گیا ھے -

آسی مینائی

مرثیه قائد اعظم - کراچی ، چودھری منظور الحسن اینڈ چودھری مقبول الحسن (ت - ن) - ۱۵ ص -

آسیه لطیف

''قائد اعظم'' - 'حریت' دسمبر ۲۵ ، ۱۹٦۵ء - ص ۹ -

قاعد اعظم کی زندگی کے حالات پر مختصراً روشنی ڈالی گئی ھے -

آصف علی

''زبان بگڑی تو بگڑی تھی خبر لیجئے دھن بگڑا : مسٹر جناح کے نئے رویه پر مسٹر آصف علی کا بیان'' - 'مدینه' ۹ (جولائی ۲۱ ، ۱۹۴۰ء) - ص ۵ -

''قوم پرست مسلمانوں کو حرکت میں آنا چاھئے'' - 'مدینه' ۹ (اپریل ۵ ، ۱۹۴۰ء) - ص ۴ -

مسلم لیگ اور مسٹر جناح کی پاکستان اسکیم پر تنقید -

آصف گورکھپوری

''چند یادیں - چند باتیں'' - 'حریت' ستمبر ۱۲ ، ۱۹٦۹ء - ص ۲ -

ماؤنٹ بیٹن کی خام خیالی اور قائد اعظم کے عزم صمیم کا ذکر -

آصفیہ عبدالحمید ، بیگم

''اللہ کی مرضی'' - 'خاتون پاکستان' [قائد اعظم نمبر] - ۴۸ء - ص ۳۹ -

قائد اعظم کی زندگی کے آخری واقعات کی ایک جھلک -

آغا خان

آپ بیتی : مترجم عباس سبزواری - کراچی ، اسماعیلیہ ایسوسی ایشن پاکستان ، 1955 - ص ۵۴۷ -

انگریزی کتاب The Memoire of Aga Khan کا ترجمہ -

مندرجات : ۱۹۰۶ میں قائد اعظم کی طرف سے جداگانہ انتخابات کی مخالفت ، ص ۱۹۱ - ۱۹۲ ؛ قائد اعظم ، ص ۳۶۱ ؛ گاندھی - جناح گفت و شنید ، ص ۳۶۶ - ۳۶۸ ؛ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس اور جناح ، ص ۳۴۰ - ۳۴۳ ، ۳۵۰ ؛ جناح سے آغا خان کی واقفیت اور ان کی تعریف ، جناح کا مسولینی سے مقابلہ ، ص ۴۷۴ ، ۴۸۳ - ۴۸۶ ، ۵۲۲ - ۵۲۳ -

''جناح ایک بے مثال مدبر'' - 'انجام' اگست ۱۵ ، ۵۷ء - ص ۱۶ -

آغا خان کے انگریزی مضمون کا اردو ترجمہ جس میں انہوں نے قائد اعظم محمد علی جناح کو بیمثال مدبر قرار دیا ھے -

آغاز

''قائد اعظم : ''انہوں نے اپنی بے باکی اور جرات سے حریف کو شکست دی - انہوں نے طالب علموں کو اپنی امیدوں کا محور بنایا'' - دسمبر ۲۵ ، ۷۶ء - ص ۳ -

''قائد اعظم کی زندگی کے چند واقعات'' - دسمبر ۲۵ ، ۷۶ء - ص ۳ -

آفاق

''پاکستان کی سرکاری زبان اردو ھو گی'' - ستمبر ۱۱ ، ۶۰ء - ص ۵ -

مارچ ۱۹۴۸ میں قائد اعظم نے ڈھاکہ میں اردو زبان سے متعلق جو تقریر کی اس کا اقتباس -

''عدالتوں میں قائد اعظم کی نوک جھونک'' - ستمبر ۱۱ ، ۶۰ء - ص ۴ -

قائد اعظم کی عدالتوں میں نوک جھونک کے 'چیدہ چیدہ واقعات -

''طنز و ظرافت کا بادشاہ - قائد اعظم'' - دسمبر ۲۵ ، ۵۹ء - ص ۷ -

قائد اعظم کے طنز و مزاح کا ذکر ھے ، اگرچہ لوگ سمجھتے ھیں کہ جناح مزاح سے بے بہرہ تھے لیکن انہیں بزلہ سنجی کا بادشاہ کہا جا سکتا ھے -

''قائد اعظم اور تعمیر کی لگن'' - ستمبر ۱۲ ، ۵۵ء - ص ۴ -

قائد اعظم کی چیدہ چیدہ تقاریر جس میں تعمیر پاکستان کی لگن تھی اور جو قیام پاکستان کے بعد کی گئی تھیں -

''قائد اعظم اور جانشیں جنرل ایوب کی ملاقات'' - ستمبر ۱۱ ، ۶۰ء - ص ۵ -

۱۹۴۸ میں جب پہلی بار قائد اعظم مشرقی پاکستان گئے تو اس وقت کے جی - او - سی ایوب خاں سے ملاقات کی روئیداد -

''قائد اعظم ایک نکتہ سنج ایڈوکیٹ'' - دسمبر ۲۵ ، ۵۸ء - ص ۴ -

وکالت کے دوران کے واقعات کی روئیداد جس میں اصولوں کو سر فہرست رکھا گیا ھے -

''قائد اعظم : زندگی کے اھم واقعات - ۱۸۷۶

آفاق (مسلسل)

سے ۱۹۴۸ تک''۔ ستمبر ۱۲، ۵۵ء۔ ص ۳۔

قائد اعظم کی زندگی کے اہم واقعات تاریخ وار درج ہیں۔

''قائد اعظم کا رومان''۔ ستمبر ۱۱، ۶۰ء۔ ص ۴-۵۔

قائد اعظم کی رتی جناح سے ملاقات سے لے کر شادی تک کے واقعات۔

''قائد اعظم کا کردار ان کی گفتگو کے آئینہ میں''۔ دسمبر ۲۵، ۵۹ء۔ ص ۲۔

قائد اعظم کے کردار کا ذکر ان کی تقاریر کے اقتباسات سے کیا گیا ہے۔

''قائد اعظم کے خطوط گاندھی جی اور ملک خضر حیات خاں کے نام''۔ ستمبر ۱۱، ۵۹ء۔ ص ۴۔

قائد اعظم کے ان خطوط کا ترجمہ جس میں پاکستان کے وہ گوشے بے نقاب کئے گئے ہیں جو اب تک عوام کی نگاہوں سے اوجھل تھے۔

''قائد اعظم مہد سے لحد تک''۔ دسمبر ۲۵، ۶۰ء۔ ص ۲۔

قائد اعظم کی زندگی کے حالات، پیدائش سے لے کر موت تک تاریخ وار درج ہیں۔

آفتاب، ندیم - دیکھئے ندیم آفتاب۔

آفتاب احمد، مرتب

قائد اعظم - چند یادیں، چند ملاقاتیں - لاہور نفتنسا، پبلشر، ۱۹۷۶ - ۲۷۲ ص۔

پانچ یادیں - تین ملاقاتیں، دو انٹرویو، کچھ باتیں اور واقعات معاصرین کے قلم سے۔

آفتاب حسن

''پاکستان کا نام طالب علم نے رکھا اور پاکستان کی تحریک طالبعلموں نے چلائی''۔ 'حریت' (یوم استقلال ایڈیشن) اگست ۱۵، ۷۰ء۔ ص ۴۔

۱۹۳۳ میں لندن ڈواسٹر ہوسٹل میں طلباء کی قائد اعظم سے ملاقات، قائد اعظم کی علیگڑھ میں تقریر اور تحریک پاکستان میں قائد اعظم کے کردار کے ساتھ ساتھ حالات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

''قائد اعظم کے ساتھ چند گھنٹے''۔ 'حریت' مارچ ۲۶، ۶۶ء؛ دسمبر ۲۶، ۶۹ء۔ ص ۱۱۔

یہ مضمون 'آفاق' ستمبر ۱۱، ۶۸ء میں بھی چھپا ہے۔ دوران گفتگو ہر سیاسی پہلو پر بحث ہوئی جس میں برصغیر کے سیاسی معاملات پر خاص طور پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

آفریدی، محمد اعظم

''قائد اعظم اور قبائل''۔ 'حریت' فروری ۷، ۷۶ء۔

قبائلی علاقوں میں قائد اعظم کی تقریبات کا ذکر۔

آل انڈیا مسلم لیگ

جناح گاندھی گفت و شنید (ستمبر ۱۹۴۴) مراسلات معہ متعلقات؛ پیش لفظ از نواب زادہ لیاقت علی خان (اردو ترجمہ)۔ دھلی، ۱۹۴۴ - ۱۵۲ ص۔

جنگ! مسئلہ دستور مستقبل ھند! مسلم ھندوستان کیا سوچ رہا ھے اور اس کا لیڈر کیا؟ [اردو ترجمہ] - [دھلی] شائع کنندہ (نواب زادہ) لیاقت علی خان [ت - ن] ۹۶ ص۔

مندرجات: تقریر مسٹر محمد علی جناح (۲۸ ستمبر ۱۹۳۹) ص ۷؛ مسٹر محمد علی

آل انڈیا مسلم لیگ (مسلسل)

جناح کا پیغام ، ص ۸ ؛ کانگریس راہ روک رهی هے۔ مسٹر جناح کے خیالات ، ص ۹-۱۲ ؛ هز ایکسلنسی وائسرائے اور لیڈروں کی خط و کتابت ، ص ۱۶ - ۲۹ ؛ پوری مسلم قوم کی توهین (مسٹر جناح کا ۵ نومبر کا بیان) ص ۲۹ ؛ کانگریس لیڈروں کے طرز عمل پر مسٹر جناح کی حیرت ، ص ۳۰-۳۲ ؛ مسٹر جناح کا پیغام عید ، ص ۳۲ - ۳۶ ؛ یوم نجات (بیان) ، ص ۳۷ -

بقیه حصے میں بھی مسٹر جناح کے بیانات ، خط و کتابت اور تقاریر سے اقتباسات شامل هیں -

هندوستان کا آئنده کانسٹی ٹیوشن (دستور سیاسی) کیا هونا چاهئے - آل انڈیا مسلم لیگ منعقده لاهور کا وه رزولیوشن جسے عرف عام میں پاکستان رزولیوشن کہا جاتا هے - معه دیباچه از مسٹر محمد علی جناح [اردو ترجمه] - [دهلی] ۱۹۴۰ - ۲۲۰ ص -

''مختلف اهل قلم حضرات کے مضامین کا مجموعه جس میں اس مسئله [قرار داد پاکستان] پر سائنٹفک اور غیر جانبدار طریقے سے بحث کی گئی هے اور اس کے هر پہلو پر روشنی ڈالی گئی هے'' -

مندرجات: ''دیباچه'' از محمد علی جناح ، ص ۱ - ۲ ؛ ''خطبه صدارت (اجلاس لاهور - ۱۹۴۰) ص ۵-۲۵ ؛ مسٹر جناح کا پیغام ، ص ۲۸ - ۳۲ ؛ اخبار ٹائم اینڈ ٹائیڈ میں ۱۹ جنوری ۱۹۴۰ کو شائع هونے والا مضمون ، ص ۳۳ - ۳۴ ؛ هندوستان کی آزادی تقسیم کے ذریعه هی حاصل هو سکتی هے (مسٹر جناح کا یکم اپریل ۱۹۴۰ کا بیان) ص ۴۴ - ۴۹ -

اجلاس

عزیز احمد - ''مسلم لیگ کا پٹنه میں اجلاس'' - 'حریت' [عیدالاضحیٰ و یوم پاکستان ایڈیشن] مارچ ۲۳ ، ۶۰ء - ص ۱۰ -

ثاقب زیروی ''سوراج کی جگه ایک کامل ذمه دار حکومت کا مطالبه - آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس مارچ ۱۹۳۱ میں چودهری محمد ظفراللہ خان کے خطبه صدارت کا اقتباس'' - از ، ث - ز - 'لاهور' ۲۵ (دسمبر ۶ - ۱۹ ، ۷۶ء) - ص ۴ -

مدینه - ''آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس - وائسرائے کی پیشکش مسترد کر دی گئی'' - اکتوبر ۵ ، ۴۰ء - ص ۵ -

— ، ''مسلم لیگ کا اجلاس شروع هو گیا'' - ستمبر ۵ ، ۴۰ - ص ۶ -

پالیسی اور پروگرام

این - اے - کے - ''جب بابائے ملت نے مطالبه پاکستان کیا'' - 'مشرق' [لاهور] دسمبر ۲۵ ، ۷۶ء - ص ۱۱ -

الطاف علی بریلوی ، سید - ''یاد ایام - آل انڈیا مسلم لیگ کا آخری سالانه اجلاس دهلی'' - 'العلم' ۱ (اکتوبر ، ۵۱ء) - ص ۱۰۱ - ۱۰۸ -

رشید پرویز - ''مسلم لیگ'' - 'انجام' اگست ۱۵ ، ۵۷ء - ص ۱۴ -

رضوان احمد - ''قائد نے مسلم لیگ کی تنظیم بہترین خطوط پر کی تھی'' - 'اخبار جہاں' ۱۰ (دسمبر ، ۷۶ء) - ص ۷ - ۸ -

عنایت الله ، ملک محمد - ''قائد اعظم و جدید ملی تنظیم'' - 'انجام' دسمبر ۲۶ ، ۶۰ء - ص ۳ -

مدینه - ''مسلم لیگ کا فرض'' - اپریل ۹ ، ۴۰ء - ص ۳ -

آل انڈیا مسلم لیگ (مسلسل)

روئیداد

محمود الرحمٰن - ''قائد اعظم، عظیم آباد میں'' - 'جنگ' دسمبر ۶ ، ۶۶ء - ص ۱۱ -

مدینہ - ''لیگ کی قرار داد'' - مئی ۵ ، ۴۰ء - ص ۴ -

—۔ ''مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کا اجلاس - وائسرائے کی پیش کش پر غور و خوض'' - اکتوبر ۵ ، ۴۰ء - ص ۱ -

—۔ ''مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کی قرار دادیں'' - ستمبر ۹ ، ۴۰ء - ص ۵ -

ملت [لاہور] - ''آل پاکستان مسلم لیگ کا اجلاس ڈھاکہ'' (اداریہ) - اکتوبر ۱۸ ، ۵۲ء -

پاکستان کے قیام کے بعد پاکستان کے لئے مسلم لیگ الگ سے تنظیم دی گئی تھی -

متعلقات

محمود احمد - ''مسلم لیگ کے شاندار کارنامے'' - 'الفضل' ستمبر ۱۰ ، ۴۶ء - ص ۲ -

